© rasailojaraid.com



تاریخ میں مدغم نہیں کیا جاسکتا اور نہ ان کو یکسر بھلایا جاسکتا ہے، چنانچہ خود سرسید، علی برادران، اور علماء پاکستان کے کارنامے جن کا تفصیلی ذکر اس کتاب میں موجود ہے بہت سے ایسے مواد کی طرف غمازی کرتے ہیں جن کی وضاحت کے بغیر ان کارناموں کی حقیقت پوری طرح واضح نہیں ہوتی، ان فراموش کردہ تنظیموں کے باقیات صالحات آج بھی ہند کے مسلمانوں کی دینی و ثقافتی خدمتوں میں مصروف ہیں۔

پروفیسر احمد سعید کی موجودہ کوشش نہایت قابل تحسین ہے کہ انہوں نے ''حصول پاکستان،، ملک کے نوجوان طلبہ کے لئے لکھی ہے، کتابیات کے اضافے کے ساتھ کتاب کی اہمیت دوچند ہوگئی ہے، اور بلاشبہ یہ امید کی جاتی ہے کہ اہل علم و ارباب تحقیق کے لئے بھی یہ کتاب ممدو معاون ثابت ہوگی۔ خوبیٔ تحریر کے ساتھ طباعت بھی نہایت دیدہ زیب ہے، مؤلف و ناشرین دونوں قابل مبارکباد ہیں۔

— — — —

ماہنامہ ترجمان اہل سنت، کراچی

اعلحیضرت نمبر، بابت صفر ۱۳۹۴ھ مطابق مارچ ۱۹۷۴ صفحات ۹۶

مدیر: مولانا جمیل احمد نعیمی، قیمت ۱ء۲۵ روپے، سالانہ: ۱۲ روپے۔

اس مخصوص نمبر میں چھ مقالے حضرت مولانا احمد رضاخاں بریلوی کے علمی کارناموں اور آپ کی حیات کے مشہور واقعات سے متعلق ہیں، ان میں ان کی مجددیت کا ذکر بھی ہے۔ دیگر مضامین: مثلاً عورتوں پر اسلام کے احسانات ''کیا لفظ مولانا کا استعمال جائز نہیں،، ''اسلام اور عصری ایجادات،، وغیرہ مفید مضامین ہیں۔ طباعت قابل تحسین ہے سوانح اور تاریخی واقعات نیز نوجوان طلبہ کی کارگزاریوں کی شمولیت سے ماہنامہ کی افادیت بڑھ گئی ہے۔

محمد صغیر حسن معصومی۔

———